# سیلاب سے حفاظت



یونیسف

این ڈی ایم اے


1

برسات کا موسم تھا، بارش کی وجہ سے مانی کو سکول پہنچنے میں مشکل ہوئی۔
مانی اور اس کے دوستوں نے کلاس روم میں داخل ہو کر استانی کو سلام کیا۔



2

مسلسل بارشوں کی وجہ سے سیلاب آنے کا ڈر تھا لہذا استانی نے بچوں کو سیلاب سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر کے بارے میں پڑھایا۔




3

مانی اور تمام بچے غور سے استانی کی باتوں کو سن رہے تھے ۔ مانی نے استانی سے
پوچھا کہ اگر ہم گھر پر ہوں اور سیلاب آجائے تو ہمیں کیا کرنا چاہیے ؟




4

استانی نے مانی کو سوال کرنے پر شاباش دی اور بتایا کہ اگر گھر پر سیلاب آجائے تو اپنی ضروری چیزیں ساتھ لے کر گھر کی چھت یا کسی اونچی جگہ پر چلے جانا چاہیے ۔




5 اتنے میں مانی کی نظر کھڑکی سے باہر گئی اور اس نے دیکھا کہ بارش کی وجہ سے دریا میں پانی کا بہاؤ بڑھ رہا تھا اور پانی سکول کی طرف آرہا تھا۔



6 استانی نے سب بچوں کو قطار بنانے کی تلقین کی اور ان کو کلاس روم سے باہر لے گئیں تاکہ وہ سب کسی محفوظ جگہ پر جا سکیں۔



7 سب بچوں نے قطار میں سکول کی اوپر والی منزل کی طرف چلنا شروع کر دیا اور مانی نے ان سب کی قطار بنانے میں مدد کی ۔



8

سیلاب کا پانی اچانک سکول کی نچلی منزل میں بھر گیا، سب بچے قطار بنا کر خیریت سے چھت پر پہنچ گئے لیکن سیلاب اور بھوک کی وجہ سے پریشان تھے۔



9 کچھ دیر بعد۔ ببلو کو بھوک لگ گئی اور اس نے استانی سے کہا کہ وہ سیلاب اترنے کے بعد سکول کے باہر ٹھیلے سے گول گپے کھائے گا۔



10 یہ سن کر استانی نے سب بچوں کو نصیحت کی کہ سیلاب کے بعد باہر کی چیزیں کھانے میں احتیاط کرنی چاہیے کیونکہ اس سے بیمار ہونے کا خدشہ ہوتا ہے ، پانی کو ابال کر پینا چاہیے اور کھانے سے پہلے ہاتھ اچھی طرح دھو لینے چاہیے ۔



11 اگلے دن سکول جاتے ہوئے ببلو اور مانی گول گپے کے ٹھیلے کے پاس سے گزرے لیکن ان کو استانی کی نصیحت یاد آگئی اور انھوں نے پھر ٹھیلے سے کچھ نہیں کھایا۔



12 سیلاب کی وجہ سے لوگ بیمار ہو رہے تھے لہذا مانی آلودگی سے بچنے کے لیے منہ پر ماسک پہن کر باہر جاتا ہے اور اپنے دوستوں کو بھی ماسک پہننے کا مشورہ دیتا ہے۔



13 سیلاب کے بعد سکول کافی گندا ہو چکا تھا لہذا مانی اور اس کے دوستوں نے مل جل کر اپنے سکول کی صفائی کی ۔



1) برسات کے موسم میں اپنے گھروں اور سکول کی چھتوں کا بروقت معائنہ / مرمت کروائیں ۔
2) سیلاب آنے کی صورت میں قطار بنا کر کسی اونچی اور محفوظ جگہ پر پہنچ جائیں ۔
3) کھانے پینے کا ضروری سامان ساتھ رکھ لیں ۔
4) ضروری کاغذات کو سنبھال کر اونچی اور محفوظ جگہ پر رکھیں ۔
5) سیلاب کے بعد باہر کی چیزیں کھانے میں احتیاط کریں اور پانی کو ابال کر پیئیں ۔
6) کچھ بھی کھانے سے پہلے ہاتھوں کو اچھی طرح دھولیں ۔
7) سیلاب کے پانی میں جانے سے گریز کریں ۔

www.ndma.gov.pk